# بدسلوکی کا سامنا کرنے والی خواتین کے لیے مددگار وسائل

اگر آپ تشدد یا بدسلوکی کا سامنا کر رہے ہیں، تو پیل
(Peel) ، ہالٹن ( Halton ) اور ٹورانٹو (Toronto)

کے علاقوں میں دستیاب ان مفت معاونت تک رسائی حاصل کریں-

## 1- (Peel) پیل کے وسائل

ایمبریو (embrave ) 24/ 7 کرائسز لائن

(Embrave 24/7 Crisis Line)
1-855-676-8515 یا 905-403-0864
https://embrave.ca/
24/7 کرائسز سپورٹ لائن کمیونٹی میں کسی بھی قسم کے تشدد سے بچ جانے والوں کو فوری مدد فراہم کرتی ہے۔ کلائنٹ اپنی ضروریات کی وضاحت اور شناخت کرتے ہیں اور وہ کس قسم کے تعاون تک رسائی حاصل کرنا چاہتے ہیں جیسے کہ فوری بحران میں حمایت اور

مداخلت، خطرے کی تشخیص اور حفاظت کی منصوبہ بندی، جذباتی مدد، دیگر خدمات کے حوالے، معلومات کا اشتراک، مسائل کا حل اور شیلٹر پروگرام میں داخلہ-

وکٹم سروسز آف پیل
(Victim services of Peel )
905-568-1068
https://www.vspeel.org/

24/7 کرائسز لائن کمیونٹی میں تشدد سے بچ جانے والوں کو خدمات جیسے کہ بحران میں مداخلت، مالی امداد اور خدمات، محفوظ رہائش تک رسائی، عدالتی ضمانت کے وسائل، اور دیگر طویل مدتی امدادی خدمات کے حوالے سے فوری مدد فراہم کرتی ہے-

سنٹرل 211
(211 Central)
1-877-330-3213 یا 211

https://211ontario.ca/

24/7سروس 150 سے زیادہ زبانوں میں، فون، چیٹ، ٹیکسٹ اور ویب کے ذریعے پیش کی جاتی ہے- 211 لوگوں کو صحیح معلومات اور خدمات سے مربوط کرنے میں مدد کرتا ہے، جس سے ان کو وسائل تک رہنمائی ملتی ہے اور ان کی دیکھ بھال کو قابل اعتماد بنایا جاتا ہے-

تشدد زدہ خواتین کی ہیلپ لائن

( Assaulted Women's Helpline)

1-888-915-0536

https://www.awhl.org/contact-us

24/7 ہیلپ لائن صوبہ اونٹاریو میں ان تمام خواتین کو گمنام اور خفیہ مدد فراہم کرتی ہے جنہوں نے کسی بھی قسم کے بدسلوکی کا تجربہ کیا ہے-

پیل کی فیملی سرویسز

( Family Services of Peel )

905-453-5775

https://fspeel.org/

ہر عمر کے بچے جو تشدد کے گواہ ہیں یا جن کو تشدد کا تجربہ ہے ،وہ اپنی عمر کے لحاظ سے والدین/سرپرست کی رضامندی کے ساتھ یا اس کے بغیر، معاون اور دوستانہ ماحول میں انفرادی مشاورت تک رسائی حاصل کر سکتے ہیں-

نیسا ہومز

(Nisa Homes)

https://nisahomes.com/

نیسا ہومز تارکین وطن، مہاجرین، غیر حیثیت یا مسلم خواتین اور

بےگھریا بدسلوکی سے فرار ہونے والے بچوں کے لیے عبوری رہائش فراہم کرتا ہے اور ان خواتین کے لیے جن کو مدد کی ضرورت ہوتی ہے، ریموٹ کیس ورک سپورٹ فراہم کرتا ہے۔ رہائش کے لیے، براہ کرم 1-888-456-8043 پر کال کریں۔ ذہنی صحت سے متعلق مفت مشاورت کے لیے،1-888-711-6472 نیسا ہیلپ لائن پر کال کریں- یہ ایک گمنام ہیلپ لائن وسیلہ ہے جو صبح 10 بجے سے رات 10 بجے تک دستیاب ہے-

سیف سینٹر آف پیل
(Safe centre of Peel)
905-450-4650
https://scopeel.org/

سیف سینٹر آف پیل، پیل میں مباشرت پارٹنر کے تشدد سے متاثرہ خاندانوں کو مدد اور ہمدردانہ دیکھ بھال فراہم کرتا ہے۔ 17 سے زیادہ ایجنسیاں ایک جگہ پر مل کرخدمات فراہم کرنے لیے کام کرتی ہیں جیسے کہ انفرادی حفاظتی منصوبہ بندی، مشاورت، تصفیہ اور امیگریشن کی خدمات، پولیس رپورٹنگ تک رسائی (اگر ضرورت ہو)، عبوری ہاؤسنگ سپورٹ، فیملی کورٹ سپورٹ اور بہت کچھ -

## 2- ہالٹن ریسورسز

( Halton Resources)

<u>ہالٹن وومنز پلیس</u>

<u>( Halton Women’s Place )</u>

905-878-8555

https://haltonwomensplace.com/

ہالٹن وومنز پلیس ایک تنظیم ہے جو جسمانی، جذباتی، مالی، اور جنسی طور پر زیادتی کی شکار خواتین اور ان کے زیر کفالت بچوں کے لیے پناہ اور بحران میں خدمات فراہم کرتی ہے اور خواتین اور ان کے بچوں کے خلاف تشدد کے خاتمے کے لیے وقف ہے-

<u>وومننز سینٹر آف ہالٹن</u>

<u>( The Women’s Centre of Place)</u>

905-847-5520

https://thewomenscentreofhalton.com/

وومنز سینٹر آف ہالٹن ایک ایسا مرکز ہے جو ان خواتین کی مدد کرتا ہے جو بحران یا پریشانی کا سامنا کر رہی ہیں، یا جو تبدیلی کے مرحلے میں ہیں۔ یہ مرکز، لائف سکلز کی کوچنگ، مشاورت، قانونی

مدد، روزگار کی کوچنگ، پیرسپورٹ اور دیگر شعبوں میں خدمات فراہم کرتا ہے-

<u>سکینہ ہومز (برامٹن، ملٹن اور ٹورانٹو)</u>

<u>Sakeenah Homes ( Brampton,Milton, and Toronto)</u>

1-888-671-3446

https://www.sakeenahcanada.com/

سکینہ ہومز خواتین اور بچوں کے لیے ملک بھر میں محفوظ جگہیں ہیں، جہاں انہیں پناہ، غذائیت سے بھرپور کھانا اور ضروری اشیاء فراہم کی جاتی ہیں۔ ان کے رہائشیوں کومجموعی امداد کے تحت صحت یابی اور طاقت پیدا کرنے میں مدد ملتی ہے، اس دوران وہ ہنر سیکھتے ہیں جو انھیں آزادی اور کامیابی کی طرف گامزن کرتا ہے-

## 3- ٹورانٹو/نارتھ یارک کے وسائل

## Toronto/ North York Resources

<u>نارتھ یارک وومنز سینٹر</u>

<u>North York Women’s centre</u>

416-781-0479

https://nywc.org/

یہ سینٹر خواتین کے مفت بااختیار گروپ  پروگرام، مہارتوں کے فروغ کے پروگرام، ایک ڈراپ ان لاؤنج، خواتین کے لیے  انفرادی سپورٹ اور بہت کچھ پیش کرتا ہے-

نارتھ یارک وومنز شیلٹر

North York Women’s Shelter (NYWS)

416-638-7335

https://nyws.ca/

ان-وا ے-ڈبلیو-اس، 17  بیڈ رومز پر مشتمل ہنگامی پناہ گاہ فراہم کرتا ہے، جس میں 40 خواتین اور ان کے بچوں کو رکھنے کی گنجائش ہے، اس کے علاوہ ان کے پالتو جانوروں کے لیے ایک کینل( جانور کا گھر) فراہم کرتا ہے جو کہ ٹورانٹو کے علاقے میں پہلی بار ہے-